बहू बेटी

بہو بیٹی

اداکاران

اشوک کمار - مالا سنہا

جے مکرجی - محمود

قیمت چھ نئے پیسے

زنن اینڈ بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانا نمبر ۱

گانے ہو بڑھتی علم کے

بھارت ماں کی آنکھ کے تارو
ننھے منے راج دلارو
جیسے ہم نے تم کو سنوارا
ویسے ہی تم دیش سنوارو

یہ جو ایک چھوٹا سا بستہ
علم کے پھولوں کا گلدستہ
کرشن ہیں اس میں رام ہے اس میں
بدھ مت اور اسلام اس میں
یہ بستہ ہے گیتا کی کہانی
یہ بستہ نانک کی بانی
اس میں چھپی ہے ہر سچائی
اپنا سکھ اور کی بھلائی
اس بستے کو سیس نواؤ
اس دھرتی پہ تن من وارو ۔ بھارت...

جوڑ کے چھوٹی ذاتیں پاتیں سب سے سیکھو اچھی باتیں
اپنا کسی سے بیر نہ سمجھو
جگ میں کسی کو غیر نہ سمجھو

آپ پڑھو اوروں کو پڑھاؤ
گھر گھر گیان کی جوت
تو جیون کی آس تمہی ہو
ملتا ہوا اتہاس
جتنا گہرا اندھیارا ہو
اُتنے اُدپجے دیپ اُجیارو ـ بھارتا...
یہ سنسار جو ہم نے سجایا
یہ سنسار جو تم نے پایا
اس سنسار میں جھوٹ بہت ہے
ظلم ہے لوٹ بہت ہے
ظلم کے آگے سر نہ جھکانا
ہر ایک سے ٹکرا جانا
اس سنسار کا رنگ بدلنا
اونچ اور نیچ کا ڈھنگ بدلنا
سارا جگ ہے دیش تمہارا
سارے جگ کا روپ نکھارو ـ بھارتا...

گانا نمبر ۲: آج ہے کرواچوتھ سکھی ری
مانگ لے سُکھ کا دان
اپنے سینے میں سوامی کا
دھر کر من میں دھیان
جنم جنم تک مانگ کا تیری رنگ پڑے نہ پھیکا

جب نک پہ چمکے چاند ستارے تب تک پہ چمکے ٹیکا
بند ھے رہیں من بھاتے پریتم کے پرانوں سے پران
آج ہے کروا چوتھ —
جو کوئی مانگے آج لگن سے یگ یگ سکھ پائے
سادھ سپھل ہو پریتم امر ہو
جیوت میں رس آ جائے
آج ہر ایک ناری کو پربھو سے ملتا ہے وردان
آج ہے . . . .
گانا نمبر ۱۳:۔ میری مانگ رنگ میں تو نے
راکھ چتا کی بھر دی
یہ کیسا انصاف ہے تیرا او بھگوان بیدردی
گھونگھٹ اٹھنے سے پہلے ہی
ودھوا کر دی پریت سہاگن
چھین لیا ماتھے کا ٹیکا
کھول لئے ہاتھوں کے کنگن
پلک جھپکتے ہنستی بستی دنیا سونی کر دی
روپ سجی کر جوت نہ جاگی
سیج بچھی پر پھول نہ مہکے
بن گیا میرے منہ کا ٹیکہ دکھ دینوں کا کاجل بہہ کے
بھاگ بنانے والے تو نے بھاگ یہ تہمت دھر دی
یہ کیسا انصاف —

گانا بُرا ہے میری جاں نہ سُنا تُو میری جاں جی نہ جلا تُو
کروں کیا تجھے بتا دے دِل پہ نہیں ہے قابو
تیرے دانت انار دانے تیرے گال سیب جیسے
جو تُو آنکھ سے ہو اوجھل تو میں چین پاؤں کیسے
ذرا سے کھول کھڑکی آ دے سے دیدے جھڑکی
کھڑا ہوں ناک کھولے لینے کو تیری خوشبو
تجھے دِل سے چاہتا ہوں میں تیرا بھی
ذرا سُن اے میری روح ہے کیا خفا تُو
مَیں تو ہوں داس تیرا مجھ پہ چھوڑا نہ پلو
میری جاں ——

جو تُو میری بات رکھ لے جو تُو میری عرض مانے
تُو جہاں کی دُھن پہ کہہ دے میں سُناؤں
گاؤں وہ چیز پکی رہے تو پکی پکی
یُوں جو ہو حکم تیرا میں گاؤں ہُما ہُما
میری جاں ....

گانا ہو: سب میں شامل ہو مگر سب سے جُدا رہتی ہو
صرف ہم سے نہیں خود سے بھی خفا لگتی ہو
آنکھ اُٹھتی ہے نہ جُھکتی ہے کسی کی خاطر
سانس چڑھتی ہے نہ رُکتی ہے کسی کی خاطر
جو کسی در پہ نہ ٹھہرے وہ ہوا لگتی ہو
صرف ہم سے ....

زُلف لہرائے تو آنچل میں چھپا لیتی ہو
ہونٹ لرزایا تو دانتوں سے دبا لیتی ہو
جو بھی کھل کے نہ برسے وہ گھٹا
جاگی جاگی نظر آتی ہو نہ سوئی سوئی
تم جو ہو اپنے خیالات میں کھوئی کھوئی
کسی مایوس مصور کی دعا لگتی ہو

گانا نمبر۲ :- رنگین فضا سے آ جا کہ میرا پیار
تجھے ڈھونڈ رہا ہے
یہ کس کی صدا ہے
یہ کون مجھے اپنی طرف کھینچ رہا ہے
تیری بھی ہے یہ میری ہی آواز نہیں ہے
اے جان تمنا یہ کوئی راز نہیں ہے
تجھ سے جدا ہو کے بھی کب مجھ سے جدا ہے
دل دل سے ملا ہے ۔ یہ کون ...
تم مجھ کو بلاتے ہو تو ٹالا نہیں جاتا
اپنے کو کسی طرح سنبھالا نہیں جاتا
زلفوں کا مجھے ہوش نہ آنچل کا پتہ ہے
یہ کیسا نشہ ہے آج ...
دنیا کو بھلا کر میری باہوں میں چلی آ
جذبات کی لے کر پناہوں میں چلی آ
کہتے ہیں جسے عشق وہ جینے کی ادا ہے

گانا ۷:- جیئو تو ایسے جیئو جیسے سب تمہارا ہے
مرو تو ایسے کہ جیسے تمہارا کچھ بھی نہیں
یہ ایک راز کہ دنیا نہ جس کو جان سکی
یہی وہ راز ہے جو زندگی کا حاصل ہے
تمہیں کہو یہ بات کیسے سمجھاؤں
کہ زندگی کی گھٹن زندگی کی قاتل ہے
ہر ایک نگاہ کو قدرت کا یہ اشارہ ہے ۔ جیئو...
جہاں میں آکے جہاں سے بچھڑے بچھڑے نہ رہو

گانا ۸:- وہ زندگی ہی نہیں جس میں آس بجھ جائے
کوئی بھی پیاس دبائے سے دب نہیں سکتی
اسی سے چین ملے گا کہ پیاس بجھ جائے
یہ کہکے مڑتا ہوا زندگی کا دھارا ہے ۔ جیئو...
یہ آسمان یہ زمیں یہ فضا یہ نظارے
ترس رہے ہیں تمہاری بھری نظر کے لئے
نظر چرا کے ہر ایک شے کو یوں نہ ٹھکراؤ
کوئی شریکِ سفر ڈھونڈو سفر کے لئے
بہت قریب سے میں نے تمہیں پکارا ہے
جیو...

تمام شد

اعلیٰ پریس دہلی

پامسٹری عرف خطِ تقدیر

علم پامسٹک یعنی ہاتھ کی ریکھائیں دیکھکر تقدیر کا پچھلا اگلا حال معلوم کیجئے۔ اس لاجواب کتاب میں ہاتھ کے مختلف فوٹو دیکر ایک ایک ریکھا کو اچھی طرح سمجھایا گیا ہے۔ جو ایک معمولی لکھا پڑھا انسان بھی بخوبی سمجھ سکتا ہے۔ اس علم کو سیکھکر آپ ہزاروں روپیہ پیدا کر سکتے ہیں۔

قیمت صرف ۔/۱ عہ محصول ڈاک معاف

بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا

بغیر بجلی کا چلنے والا ریڈیو بہت کم لاگت سے گھر بیٹھے بنانا سیکھئے۔

قیمت صرف ۔/۱ عہ محصول ڈاک معاف

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اس لئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف ۔/۱ عہ محصول ڈاک معاف

رتن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی